اخبار الوفاق

محمد سیف اللہ نوید
معاون ناظم مرکزی دفتر وفاق

مولانا عطاء اللہ شاہ کی شہادت، لمحہ فکریہ:

☆......(19 اگست 2017ء) میڈیا سنٹر وفاق المدارس:

ڈیرہ اسماعیل خان میں حضرت مولانا عطاء اللہ شاہ کی شہادت لمحہ فکریہ ہے، علماء کرام کی پے در پے شہادتیں فوری مشاورت اور حکمت عملی طے کرنے کی متقاضی ہیں۔ اگر گزشتہ سانحات میں علماء کرام کے قاتل گرفتار کئے جاتے تو نوبت یہاں تک نہ آتی۔ حکمران بے حسی اور سکوت توڑیں اور علماء کرام کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے ہنگامی اقدامات اٹھائیں۔ علماء کرام کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور دیگر نے ڈیرہ اسماعیل خان میں مولانا عطاء اللہ شاہ کی شہادت پر اپنے تعزیتی بیان میں کیا۔

انہوں نے مولانا عطاء اللہ کی شہادت کو لمحہ فکریہ قرار دیا اور ملک بھر کے علماء کرام اور دینی جماعتوں کے قائدین پر زور دیا کہ وہ علماء کرام کی پے در پے ٹارگٹ کلنگ پر وسیع مشاورت کا اہتمام کر کے اس سلسلے کی روک تھام کے لئے حکمت عملی وضع کریں۔ وفاق المدارس کے قائدین نے حکومتی بے حسی کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت وقت علماء کرام اور عوام الناس کے تحفظ کو یقینی بنائے اور ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں میں ملوث عناصر کی کھوج لگا کر انہیں نشان عبرت بنائے۔ وفاق المدارس کے رہنماؤں نے کہا کہ اگر سابقہ سانحات کی سنجیدگی سے تحقیقات کا سلسلہ آگے بڑھایا جاتا تو مزید واقعات کی نوبت نہ آتی۔ انہوں نے شہید عالم دین کے درجات کی بلندی اور ان کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔ موصوف وفاق المدارس العربیہ کے سابق مسئول تھے۔

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، نصاب سے متعلق قوم کی تشویش کا ازالہ کرے:

☆...... (20 اگست 2017ء) میڈیا سنٹر وفاق المدارس:

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، پاکستان اور اسلام سے متعلقہ مواد کے نصاب سے اخراج پر قوم کی تشویش دور

کرے۔ حکمران نصاب تعلیم اور قوم کے مستقبل سے کھلواڑ سے باز رہیں، پنجاب حکومت اپنی روش پر نظر ثانی کرے۔ نصاب میں آئین پاکستان کے مخالف کوئی تبدیلی قابل قبول نہیں، ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا انوارالحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور دیگر نے پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتب میں مبینہ غیر مناسب تبدیلیوں پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی تعلیمات اور آئین پاکستان کے منافی کسی قسم کی کوئی تبدیلی قابل قبول نہیں۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ وہ نصاب تعلیم میں تبدیلیوں کے حوالے سے قوم میں پائی جانے والی تشویش واضطراب کا ادراک کرتے ہوئے اس کے ازالے کے لئے فوری اقدامات کرے۔ انہوں نے حکومت کو خبردار کیا کہ وہ نصاب تعلیم اور قوم کے مستقبل سے کھلواڑ کرنے سے باز رہے، انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ آج ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ان سے شاکی ہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پنجاب اپنے رویے پر نظر ثانی کرے۔

مولانا قاری حق نواز شہید کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے:

☆...... (24اگست 2017ء) میڈیا سنٹر وفاق المدارس:

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صوبائی ناظم (خیبر پختونخوا) حضرت مولانا حسین احمد صاحب زیدمجدہم کی قیادت میں علماء چارسدہ کے وفد نے ڈی پی او چارسدہ سے ملاقات کی اور مولانا قاری حق نواز شہید کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر اظہار تشویش کیا۔

حضرت مولانا حسین احمد صاحب نے ڈی پی او چارسدہ پر واضح کرتے ہوئے کہا کہ قاری حق نواز کی شہادت بہت بڑا واقعہ ہے اور اب تک قاتلوں کے بارے میں معلوم نہ ہونا مذہبی حلقوں کے لئے باعث تشویش ہے۔ اس حوالے سے موجودہ پیش رفت سے ہمیں اطمینان نہیں ہے، اس عمل میں تیزی لائی جائے۔ انہوں نے ڈی پی او کو مخاطب کر کے کہا کہ آپ کی کارکردگی سے مذہبی طبقوں کو اطمینان اور خوشی تب حاصل ہوگی جب آپ اس کیس کو کامیابی سے ٹریس کریں گے، بصورت دیگر مذہبی طبقے تحفظات رکھنے میں حق بجانب ہوں گے۔ ڈی پی او نے وفد کو یقین دلایا کہ وہ اور دیگر تفتیشی ادارے اس کیس سے قطعاً غافل نہیں ہیں، اگرچہ ہم ابھی تک مجرموں تک نہیں پہنچ سکے تاہم اس سلسلے میں کافی پیش رفت ہوئی ہے اور ہم جلد نتائج حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔